سوال

(231)اگر قربانی کا جانور چند روز قبل مرجائے تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے قربانی کےلئے جانور خریدا، جو عید سے چند روز قبل مرگیا۔ اس شخص میں نیا جانور خریدنے کی قطعاً استطاعت نہیں۔ اب اس کی قربانی کے بارے میں کیا حکم ہے۔ (سائل: سیف اللہ خالد، انعام اللہ ساجد، حضرت کیلیانوالہ، ضلع گوجرانوالہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جواب میں گزرچکا ہے کہ قربانی واجب نہیں بلکہ سنت مؤکدہ ہے اور سوال نمبر ا کے جواب میں گزرچکا ہے کہ قربانی کے جانور کے محض انتخاب کرلینے یا خریدلینے سے قربانی واجب نہیں ہوتی، لہٰذاایسا شخص جس کا جانور قربانی سے قبل مرگیا اور مزید کی استطاعت نہیں رکھتا، وہ معذور ہے۔ لہٰذااس پر اس کا اعادہ ضروری نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص593

محدث فتویٰ